کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے کراچی کنگز کو ہرا کر پلے آف مرحلے میں رسائی کی امیدیں لگالیں

لاہور،20فروری2022ء:

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل7 کے اٹھائیسویں میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے کراچی کنگز کو23 رنز سے ہرا کر ٹورنامنٹ کے پلے آف مرحلے میں رسائی کی امیدیں لگالی ہیں۔

ملتان سلطانز اور لاہور قلندرز کے بعد پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل کرنے والی تیسری ٹیم پشاور زلمی کی ہے جو10 پوائنٹس کے ساتھ پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل کرچکی ہے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیموں کے پوائنٹس کی تعداد آٹھ آٹھ ہے۔

167 رنز کے تعاقب میں کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر143 رنز ہی بناسکی۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خرم شہزاد نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں انگلش کرکٹر جو کلارک نے کپتان بابر اعظم کے ہمراہ ذمہ دارنہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے87 رنز کی ابتدائی شراکت قائم کی۔ جو کلارک نے 2 چھکوں اور4 چوکوں کی بدولت 52 رنز کی اننگز کھیلی۔ بابر اعظم36 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں ایک چھکا اور تین چوکے شامل تھے تاہم اس کے بعد کراچی کنگز کا کوئی بھی بیٹر زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا۔ شرجیل خان 16، قاسم اکرم9، روحیل نذیر8، عماد وسیم 11، لوئس گریگری ایک اور ٹام لیمنبے صفر پر آؤٹ ہوئے۔

کراچی کنگز کو آخری 12 گیندوں پر جیت کے لیے 37 رنز درکار تھے کہ خرم شہزاد نے دوسری گیند پر چھکا لگنے کے باوجود اوور کی آخری دو گیندوں پر دو وکٹیں حاصل کرکے میچ کو دلچسپ بنادیا۔ اس دوران عماد وسیم کا ایک کیچ ڈراپ ہوا جبکہ ایک مرتبہ وہ نوبال پر کیچ دے بیٹھے تھے۔

خرم شہزاد نے 22 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔ نسیم شاہ نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے جیسن رائے کی نصف سنچری کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 166 رنز بنائے تھے۔ انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے اوپنر نے 64 گیندوں پر 11 چوکوں کی مدد سے 82 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔

جیمز ونس نے 29، ول سمیڈ نے 10 اور عمر اکمل نے 2 رنز اسکور کیے تھے۔ افتخار احمد اور حسان خان بالترتیب 21 اور 3 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

لوئس گریگری، عماد وسیم، میر حمزہ اور عثمان شنواری نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4